© rasailojaraid.com



ادارہ

# مسافرانِ آخرت

- مجلس احرار اسلام کے رہنما مولانا سید فضل الرحمٰن احرار رحمہ اللہ کے فرزند اور سید خالد مسعود گیلانی، سید اسد اللہ طارق کے چھوٹے بھائی سید سہیل گیلانی ۲۱؍ مارچ کو سلانوالی ضلع سرگودھا میں انتقال کر گئے۔
- ہمارے مہربان حافظ عبدالرحمٰن درخواستی کے والد ماجد حافظ حبیب الرحمٰن درخواستی ۲۱؍ مارچ کو بستی درخواست' خان پور ضلع رحیم یار خان میں انتقال کر گئے۔
- جامعہ خیر المدارس ملتان کے درجہ حفظ قرآن کے مدرس اور سید محمد کفیل بخاری کے استاد حضرت حافظ عبدالرحیم صاحب مدظلہ کی ہمشیرہ ۲۷؍ فروری ۲۰۰۵ء کو انتقال فرما گئیں۔
- مدرسہ معمورہ ملتان کے ابتدائی متعلم اور حضرت سید عطاء المحسن بخاری رحمہ اللہ کے شاگرد محمد اخلاق صاحب (محلّہ کوٹلہ تولے خان' ملتان) ۲۷؍ فروری کو وفات پا گئے۔
- مدرسہ معمورہ ملتان کے معاون خالد اسلام صاحب کے جواں سال فرزند محمد فہد ۱۴؍ مارچ کو ایک حادثہ میں انتقال کر گئے۔
- مدرسہ معمورہ ملتان کے معاون اور ہمارے مہربان جناب محمد فاروق صاحب (محبّ بلڈرز) کے والد ماجد گزشتہ ماہ انتقال کر گئے۔
- ماہنامہ ''نقیب ختم نبوت'' ملتان کے سرکولیشن منیجر محمد یوسف شاد کے ماموں زاد بھائی سلیم اقبال ۶؍ مارچ ۲۰۰۵ء کو ملتان کے نشتر ہسپتال میں انتقال کر گئے۔ ان کی عمر ۲۰ سال تھی۔ مرحوم گردوں کے عارضہ میں مبتلا تھے۔

احباب وقارئین سے درخواست ہے کہ تمام مرحومین کے لیے دعائے مغفرت و ایصالِ ثواب کا اہتمام فرمائیں۔ اللہ تعالیٰ ان کی مغفرت فرمائے اور درجات بلند فرمائے۔ پسماندگان کو صبر جمیل عطاء فرمائے۔ (آمین)

# دعائے صحت

- حضرت قاری ظہور رحیم عثمانی (لیاقت پور)
- حافظ محمد فاروق بھٹی (سفیر مدرسہ معمورہ' ملتان)
- بنتِ جناب غلام حسین احرؔار (صدر مجلس احرار اسلام ڈیرہ اسماعیل خان)

احباب ان کی شفایابی اور بحالی صحت کے لیے خصوصی دعائیں فرمائیں (ادارہ)

© rasailojaraid.com